No.UHS/M&P-24/322
Dated: 22.01.2024

یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز لاہور

# پرائیویٹ میڈیکل اور ڈینٹل کالجوں کی تیسری سلیکشن لسٹ میں داخل ہونے والے امیدواروں کے لیے اہم اطلاع

(1) پنجاب کے پرائیویٹ سیکٹر میڈیکل اور ڈینٹل کالجوں میں ایم بی بی ایس اور بی ڈی ایس پروگرامز میں داخلوں کی تیسری سلیکشن لسٹ 22 جنوری 2024ء کو جاری کی جا رہی ہے۔

(2) پہلی دو سلیکشن لسٹوں کی طرح یہ لسٹ بھی عبوری (Provisional) ہے۔ سلیکشن لسٹ میں کسی بھی غلطی کی صورت میں وائس چانسلر یو ایچ ایس کے پاس اس میں تصحیح کا اختیار ہوگا۔ اگر کوئی بھی امیدوار داخلے کے عمل کے کسی بھی مرحلے پر ایڈمیشن کے لیے نا اہل پایا گیا تو کسی غلطی، فراڈ یا دھوکہ دہی کی وجہ سے محض سلیکشن لسٹ میں نام آ جانے پر اس کا داخلہ پر کوئی حق نہ ہوگا اور ایسی صورت میں سلیکشن لسٹ میں فوری تصحیح کی جائے گی۔

(3) اپنی ترجیح اور میرٹ کے مطابق تیسری سلیکشن لسٹ میں کسی کالج میں پہلی مرتبہ نام آ جانے پر امیدوار کو 25 جنوری **2024**ء تک لازماً اس کالج کی فیس جمع کروانے کے بعد متعلقہ کالج میں تحریری جوائننگ دینا ہوگی۔ دوسری سلیکشن لسٹ میں اپ گریڈ ہونے والے امیدواران کیلئے بھی اپنے نئے کالج میں 25 جنوری 2024ء تک جوائننگ دینا لازمی ہے۔ البتہ ان کی فیس پچھلے کالج سے ان کے نئے کالج میں سات (07) روز کے اندر اندر ٹرانسفر ہوگی۔

(4) اگر امیدوار نے اپنے آن لائن ایڈمیشن فارم کی پروگرام ترجیح (Program Preference) میں ایم بی بی ایس اور بی ڈی ایس دونوں پروگراموں کو سلیکٹ کیا ہوا ہے لیکن ترجیح ایم بی بی ایس کو دی ہوئی ہے اور تیسری سلیکشن لسٹ میں میرٹ کی وجہ سے اس کا نام بی ڈی ایس میں آ گیا ہے تو اسے اپنی سیٹ محفوظ کرنے کے لیے متعلقہ ڈینٹل کالج میں فیس جمع کروا کر وہاں جوائننگ دینا ہوگی۔ کالج میں جوائننگ کے وقت اپ گریڈیشن کیلئے اقرار نامہ (**Undertaking**) دینے کی صورت میں امیدوار کا بی ڈی ایس میں اپ گریڈیشن کے لیے حق محفوظ رہے گا اور آئندہ لگنے والی اپ گریڈیشن لسٹ میں اس کا نام کسی میڈیکل کالج میں آنے کا امکان بھی باقی رہے گا۔

(5) وہ امیدوار جن کی پہلی ترجیح ایم بی بی ایس تھی تاہم میرٹ کم ہونے کے باعث وہ فی الحال بی ڈی ایس میں داخل ہوئے ہیں اور وہ امیدوار بی ڈی ایس کی فیس بھی جمع نہیں کروانا چاہتے کیونکہ وہ یہ سمجھتے ہیں کہ اگلی سلیکشن لسٹوں میں ان کا نام ایم بی بی ایس میں آ سکتا ہے، ایسے امیدوار یونیورسٹی میں **25 جنوری 2024ء** تک ایک بیان حلفی (Affidavit) جمع کرواسکتے ہیں کہ وہ اپنی مرضی سے بی ڈی ایس کا داخلہ چھوڑنا چاہتے ہیں اور یہ کہ وہ ایم بی بی ایس کی لسٹ میں نام آنے کا انتظار کریں گے۔ **یہ بات ذہن نشین رہے کہ بیان حلفی جمع کروانے کے بعد امیدوار کا بی ڈی ایس میں داخلے کا حق ختم ہو جائے گا۔**

(6) اس طرح وہ امیدوار جو اپنی پہلی ترجیح پر ایم بی بی ایس میں داخل تو ہو گئے ہیں تاہم میڈیکل کالج خواہش کے مطابق نہ ملنے پر اب وہ کسی ڈینٹل کالج میں داخلہ چاہتے ہیں وہ بھی یونیورسٹی میں **25 جنوری 2024ء** تک بیان حلفی (Affidavit) جمع کروا کر چوتھی یا بعد کی سلیکشن لسٹوں میں بی ڈی ایس میں نام آنے کا انتظار کر سکتے ہیں۔ **اس صورت میں امیدوار کا ایم بی بی ایس کا حق ختم ہو جائے گا۔**

(7) **یہ بات ذہن نشین رہے کہ پیراگراف 5 اور 6 کے مطابق پروگرام کی ترجیح تبدیل کرنے کا حق صرف تیسری سلیکشن لسٹ میں داخل ہونے والے امیدواروں کیلئے ہے جو انھیں صرف ایک مرتبہ ہی دیا جائے گا۔**

(8) امیدوار یہ امر بھی ذہن نشیں رکھیں کہ ہر سلیکشن لسٹ کے بعد خالی سیٹوں کی تعداد میں تیزی سے کمی آ رہی ہے۔ لہذا لسٹ میں ایک مرتبہ نام آ جانے پر امیدوار کو فوری طور پر فیس جمع کروا کے اپنی سیٹ محفوظ کرنا چاہیے۔

**ایڈمیشن ٹیم**

**یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز، لاہور**

**University of Health Sciences Lahore**

No.UHS/M&P-24/322
Dated: 22.01.2024

# Important Information for Candidates Entering Private Medical and Dental Colleges in the Third Selection List

1. The updated third selection list for admissions to MBBS and BDS programs in private sector medical and dental colleges in Punjab is being released on January 22, 2024.

2. Similar to the first two selection lists, this list is provisional. Errors and omissions are excepted (E&OE). The Vice Chancellor UHS, Lahore, holds the authority to review the selection list in cases of genuine errors, lapses, mistakes, fraud, or misrepresentation reported before the completion of the Selection Process or thereafter. The selection list will be revised accordingly. Inclusion in this Selection List alone does not confer any rights if a candidate is found ineligible due to the detection of errors, mistakes, fraud, or misrepresentation.

3. **Upon appearing for the first time in the third selection list according to preferences and merit, candidates need to deposit the college fees and mark their written joining in the respective college by January 25, 2024**. For candidates upgraded in the third selection list, joining in their new college is mandatory by the due date, with a transfer of fees from the previous college to the new college within seven (07) working days.

4. If a candidate has selected both MBBS and BDS programs in their online admission form but gave preference to MBBS, and their name appears in BDS in the third selection list, they must submit the fees to secure their seat in the relevant dental college. **During college joining, candidates declaring an undertaking for upgradation will not only retain their right for upgradation in BDS but will also have possibilities for future admission/upgradation in MBBS program.**

5. Candidates who initially preferred MBBS but entered BDS because of their merit and do not wish to deposit BDS fee can submit an affidavit to the university by **January 25, 2024**, stating their intention to leave BDS and await inclusion in the MBBS list. **Please note that after submitting the affidavit, the candidate's right to BDS admission will be forfeited.**

6. Candidates initially admitted to MBBS based on their first preference but now wish to enter a dental college can also submit an affidavit by **January 25, 2024**, for consideration in the fourth or subsequent selection lists for BDS. **In such cases, the right to MBBS admission will be forfeited.**

7. **It is crucial to remember that the right to change program preferences, as mentioned in paragraphs 5 and 6, is only applicable to candidates entering in the third selection list and will be granted only once.**

8. Aspirants should also keep in mind that after each selection list, there is a rapid decrease in the number of vacant seats. Therefore, upon the inclusion of one's name in the list, the candidate should promptly submit the fee to secure his/her seat.

**Team Admissions**
**University of Health Sciences Lahore**